# Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 9th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 5 Preparation

Q1. سورہ الانبیاء کی پہلی آیت میں اللہ تعالی نے کیا فرمایا.

**Ans 1:** اللہ تعالی نے فرمایا کہ لوگوں کے حساب کا وقت آپہنچا ہے جب کہ وہ ابھی تک غفلت میں پڑے ہوئے ہیں.

---

Q2. سورہ الالنبیاء کے آخر میں کس عقیدہ پر ایمان لانے کا زکر ہے.

**Ans 1:** سورہ الانبیاء کے آخر میں آخرت پر ایمان لانے کا زکر ہے

---

Q3. اللہ تعالی نے آگ کو کیا حکم دیا.

**Ans 1:** اللہ تعالی نے آگ کو حکم دیا کہ میرے ابراہیم کے لیے ٹھنڈی ہوجا اور سلامتی والی بن جا.

---

Q4. حضرت آدم علیہ السلام کا کیا لقب ہے.

**Ans 1:** حضرت آدم علیہ السلام کا لقب ابوالبشر ہے

---

Q5. حضرت ابراہیم نے اپنی قوم سے کیا کہا.

**Ans 1:** حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا کہ یہ بت کیا ہیں جن کی تم بندگی کرتے ہو.

---

Q6. سورہ الانبیاء کب نازل ہوئی

**Ans 1:** سورہ الالنبیاء اس وقت نازل ہوئی جب مشرکین مکہ مسلمانوں پر طرح طرح کے ظلم وستم ڈھا رہے تھے

---

Q7. حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بتوں کے ساتھ کیا سلوک کیا.

**Ans 1:** حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بڑے بت کو چھوڑ کر سب بتوں کے ٹکڑے ٹکڑے کردیے.

---

Q8. اللہ تعالی نے زمین پر پہاڑ کیوں بنائے

**Ans 1:** اللہ تعالی نے زمین پر پہاڑ اس لیے بنائے ہیں کہ کہ زمین ہنے نہ پائے . اللہ نے پہاڑوں کو زمین میں میخوں کی طرح گاڑ دیا.

---

Q9. حضرت ابراہیم علیہ السلام کا کیا لقب ہے.

**Ans 1:** حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب خلیل اللہ ہے.

---

Q10. سورہ انبیاء کون سی سورت ہے اور اس میں کتنی آیات ہیں

**Ans 1:** سورہ الانبیاء مکی سورت ہے - اس میں ایک سو بارہ آیات ہیں-

---